## سوال

مفید علمی کتب سوال : ایک شخص اسلام کے بارے میں زیادہ سے زیادہ علم حاصل کرنے اور تحقیق کا شوق رکھتا ہے ، اسکے لئے کچھ مفید اور معتبر کتب کے نام بتا دیں ۔ جن میں تفسیر قرآن ، احادیث ، عربی زبان ،تاریخ وغیرہ بھی شامل ہوں ۔ جزاک اللہ ۔ ؟

## جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اسلام کی تعلیم حاصل کرنا افضل ترین عمل ہے ،اللہ تعالی اس شخص کے ذوق کو اور جلا بخشے ۔ اسلام کی حوالے سے کتاب وسنت ڈاٹ کام پر متعدد علمی ومفید کتب موجود ہیں ، آپ ان کا مطالعہ کر سکتے ہیں ۔ اور اگر آپ نام پوچھنا چاہتے ہیں تو درج ذیل کتب مفید ہیں ۔ : تفسیر میں تفسیر احسن البیان از حافظ صلاح الدین یوسف لے لیں احادیث میں آپ بخاری مسلم مترجم لے لیں عربی سیکھنے کے ل ءے دروس اللغة العربیة لے لیں اور سیرت میں آپ الرحیق المختوم از صفی الرحمن مبارکپوری لے لیں ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

محدث فتوی کمیٹی